4862 ـ کیا حائضہ عورت کے لیے سجدہ تلاوت کرنا جائز ہے ؟

سوال

کیا حائضہ عورت کے لیے سجدہ تلاوت اور سجدہ شکر کرنا جائز ہے، اور اگر جائز نہیں تو کیا وہ تلاوت سنتے ہوئے سجدہ کے وقت صرف زبان کے ساتھ اللہ تعالی کی تسبیح بیان کر سکتی ہے ؟

پسندیدہ جواب

الحمد للہ.

اول:

جن حالت میں حائضہ عورت کے لیے تلاوت کرنا مباح ہے، ان میں اس کے لیے سجدہ کرنا بھی مشروع ہے، جب وہ تلاوت کرتے ہوئے سجدہ تلاوت سے گزرے یا پھر سجدہ تلاوت والی آیت سنے تو سجدہ کرے گی.

اور صحیح یہ ہے کہ: حائضہ عورت زبانی قرآن مجید پڑھ سکتی ہے، نہ کہ دیکھ کر، تو اس بنا پر اس کے لیے سجدہ تلاوت بھی مشروع ہوا، کیونکہ یہ نماز نہیں، بلکہ یہ تو باقی اذکار کی طرح اللہ تعالی کی عبادت اور اس کے سامنے عاجزو انکساری ہے.

دوم:

صحیح یہ ہے کہ سجدہ تلاوت تو صرف وہی کرے گا جو تلاوت کر رہا ہے یا سن رہا ہے، اور اس میں ان کے لیے وضوء کی شرط نہیں؛ کیونکہ یہ نماز کے حکم میں نہیں آتے.

اللہ تعالی ہی توفیق بخشنے والا ہے، اللہ تعالی ہمارے نبی محمد صلی اللہ علیہ وسلم اور ان کی آل اور صحابہ کرام پر اپنی رحمتیں نازل فرمائے.